سوال

(591)اس صورت میں صدقہ فطر معاف ہوسکتا ہے یا نہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

دھان ۔ چاول ۔ وغیرہ سب چیزوں کی قیمت گراں ہے ۔ اکثر آدمی بھوک کے رہتے رہتے قریب المرگ ہوگئے صدقہ خیرات کرنا تو درکنار جان بچانا مشکل ہے ۔ اور صدقہ فطر ادا کرنے میں معزور کیونکہ چاول صاع کے حساب سے آٹھ آنے کے ہوتے ہیں جس کو مہیا کرنے سے ہر شخص قاصر ہے ۔ اب سوال یہ ہے کہ اس صورت میں صدقہ فطر معاف ہوسکتا ہے یا نہیں ۔ اگر نہ ہو تو کسی طریقہ کو اختیار کرنے سے فرض نبوی ﷺ بہ آسانی ادا ہوجاوے ۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

صدقہ فطر ازروئے ایت کریمہ واحادیث صحیحہ فرض عین ہے ۔ مگر جو شخص وسعت نہیں رکھتا وہ بحکم قولہ تعالیٰ : لَا يُكَلِّفُ اللَّهُ نَفْسًا إِلَّا وُسْعَهَا ٢٨٦ سورة البقرة ۔ معافی میں داخل ہے ۔ مگر دانستہ محتاج نہ بنے

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص746

محدث فتویٰ